فوری ریلیز کے لیے: 27/4/2023 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا ٹیسلا سائنس مرکز کے 20$ ملین کے تعمیرِ نو منصوبے کے لیے سافک کاؤنٹی میں سنگِ بنیاد رکھنے کا اعلان***

***4.5$ ملین کے پہلے مرحلے میں یوجین سیان مہمان مرکز کی تعمیر اور غیر استعمال شدہ عمارتوں کو مسمار کرنا شامل ہے***

***ریاستی فنڈز تاریخی مقام کی تعلیم اور کاروباری جدت کے لیے تبدیلی میں معاون ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج سافک کاؤنٹی کے شورہام میں وارڈنکلیف میں ٹیسلا سائنس مرکز کی 20$ ملین کی تعمیرِ نو کے لیے سنگِ بنیاد رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ 16 ایکڑ پر محیط یہ جگہ امریکہ کی قومی تاریخی رجسٹرڈ عمارت ہے اور مشہور موجد نکولا ٹیسلا کی آخری موجودہ لیبارٹری کا مقام ہے۔ وارڈنکلیف میں ٹیسلا سائنس مرلز کو ٹیسلا کی میراث اور سائنس، ٹیکنالوجی اور اختراع میں دلچسپی رکھنے والے مہمانوں کے لیے ایک بین الاقوامی منزل کے طور پر تصور کیا گیا ہے۔ منصوبے کے 4.5$ ملین کے مرحلۂ اول میں یوجین سیان مہمان مرکز کی تعمیر اور تقریباً 110,000 مربع فٹ غیر استعمال شدہ عمارت کو مسمار کرنا شامل ہے۔ ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ 1.25$ ملین کیپٹل گرانٹس کے ساتھ تاریخی مقام کو تبدیل کرنے میں معاونت کر رہی ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "نکولا ٹیسلا کے دور اندیش افکار اور ایجادات نے سائنسی ترقی کے لیے ایک عمل انگیز کے طور پر کام کیا ہے، اور ان کی لیب ان کے اختراعی جذبے کا ثبوت ہے۔ اس تاریخی مقام کو محفوظ رکھ کر، ہم اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتے ہیں کہ آنے والی نسلیں ان کی کامیابیوں سے سیکھ سکیں اور خود اپنی اہم دریافتوں کو آگے بڑھانے کے لیے متاثر ہوں"۔

**لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا،** "نکولا ٹیسلا کی لیب دنیا کو بدلنے کے لیے تخیل کی طاقت اور تخلیقی صلاحیتوں کا ایک مادی مجسمہ ہے۔ یہ سائنس اور ٹیکنالوجی میں ان کے تعاون کی زندہ یاد دہانی ہے، اور اس مقام کو محفوظ رکھ کر، ہم مستقبل کے اختراع کاروں کو بڑے خواب دیکھنے اور عظیم چیزوں کے حصول کی ترغیب دے سکتے ہیں"۔

نکولا ٹیسلا ایک موجد اور الیکٹریکل انجینئر تھے جن کی زندگی کو بدلنے والی دریافتوں میں آلٹرنیٹنگ کرنٹ (اے سی) پاور، ٹیسلا کوائل، ہائیڈرو الیکٹرک پاور، انڈکشن موٹر اور بہت کچھ شامل ہے۔ وارڈنکلیف میں ٹیسلا سائنس مرکز ٹیسلا کی سابقہ لیب کو ایک ایسے مرکز میں تبدیل کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا جو اس کے اختراعی جذبے کو سراہتا ہے اور اختراع کاروں کی اگلی نسل کو متاثر کرتا ہے۔ یہ مرکز دوروں کے ساتھ ساتھ نمائش اور تعلیمی پروگرام پیش کرے گا جو ٹیسلا کے اہم کام کو دریافت کرتے ہیں۔

ٹیسلا سائنس مرکز کی دوبارہ تیاری ایک کثیر مرحلہ منصوبہ ہے جس میں یوجین سیان مہمان مرکز، ایک عجائب گھر، سائنسی و تعلیمی مرکز، کاروباری اسراع اور نئے کاروباریوں کا مرکز، اور ٹیسلا کی مشہور لیب کی بحالی اور تحفظ شامل ہے۔ یوجین سیان مہمان مرکز نکولا ٹیسلا کے کام اور اختراعی طریقوں کے ثبوتوں کی نمائش کے لیے ایک مخصوص جگہ فراہم کرے گا۔ یہ موقع پر اور آن لائن دونوں جگہ نمائشوں اور پروگراموں کی پیشکش کرے گا،

جو مہمانوں کو تعلیمی اور باہمی تعاملی تجربات کے ذریعے ٹیسلا کی میراث کو دریافت کرنے کے قابل بنائے گا۔ پایۂ تکمیل کو پہنچنے پر، وارڈنکلیف میں ٹیسلا سائنس مرکز ایک عالمی معیار کی منزل ہو گی جو ہر عمر کے سیاحوں کو نکولا ٹیسلا اور اس کی دریافتوں کے بارے میں جاننے اور سائنس کی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے ایک عمیق تجربہ فراہم کرے گا تاکہ موجدوں، سائنسدانوں، اور انجینئروں کی اگلی نسل کو متاثر کیا جا سکے۔

ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) سے فنڈنگ کے علاوہ، گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ ٹیسلا سائنس مرکز کو نیو یارک سٹیٹ کونسل آن دی آرٹس ( New York State Council on the Arts, NYSCA) کے چھوٹے اور درمیانے حجم کے مالی منصوبوں کے ایوارڈز کے جزو کے طور پر 1.47$ ملین سے نوازا گیا ہے۔ یہ فنڈز نکولا ٹیسلا کی آخری قائم و دائم لیبارٹری کے استحکام اور بحالی میں مدد کریں گے، جسے McKim, Mead, & White نے ڈیزائن کیا ہے۔

**ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "نکولا ٹیسلا کی میراث انسانی ذہانت کی طاقت اور جدید دنیا کے چیلنجوں کو حل کرنے میں سائنسی تحقیق کی اہمیت کی یاد دہانی کے طور پر کام کرتی ہے۔ ٹیسلا سائنس مرکز مہمانوں کے لیے ٹیسلا کی ایجادات کے بارے میں جاننے کی ایک منزل ہو گا جبکہ مستقبل کے اختراع کاروں کی ممکنات کی حدود کو وسیع کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرے گا"۔

**ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین Kevin Law نے کہا،** "ٹیسلا سائنس مرکز کو دوبارہ تیار کرنا جدت اور ترقی کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ ٹیسلا کی میراث کو برقرار رکھتے ہوئے اور اس پر تعمیر کرتے ہوئے، ہم کاروباری افراد کی نئی نسلوں کی معاونت کر رہے ہیں جو لانگ آئی لینڈ اور پوری دنیا میں تبدیلی کی پیش رفت کو جاری رکھیں گے"۔

**وارڈنکلیف میں ٹیسلا سائنس مرکز کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Marc Alessi نے کہا،** "ہم وارڈنکلیف میں ٹیسلا سائنس مرکز کی از سرِ نو تعمیر کے لیے سنگِ بنیاد دیکھ کر بہت پُرجوش ہیں، لیکن ہمارا کام ابھی تک نہیں ہوا۔ یوجین سیان مہمان مرکز کی تعمیر اور پہلے مرحلے میں غیر استعمال شدہ عمارتوں کے انہدام کے ساتھ، ہم اس تاریخی مقام کو جدت اور تعلیم کے لیے ایک بین الاقوامی منزل میں تبدیل کرنے کے اپنے نصب العین کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ ہم اہلِ علاقہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ رضاکارانہ اور فنڈ ریزنگ کے ذریعے ہماری مدد جاری رکھیں تاکہ ہمیں جدت پسندوں کی اگلی نسل کو تحریل دینے کے اپنے مقصد کو حاصل کرنے میں مدد ملے"۔

**نیو یارک سٹیٹ کونسل آن دی آرٹس کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Mara Manus نے کہا،** "NYSCA نکولا ٹیسلا کی تاریخی McKim, Mead & White لیبارٹری کی تزئین و آرائش میں مدد کرنے پر بہت پُرجوش ہے، جو تخلیقی صلاحیتوں، تجربات اور سیکھنے کا ثبوت ہے۔ یہ ثقافتی مرکز آنے والی زندگیوں کے لیے پوری دنیا سے آنے والوں کو متاثر کرے گا"۔

**لانگ آئی لینڈ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی شریک چیئرز Linda Armyn، بیتھ پیج فیڈرل کریڈٹ یونین کے چیف اسٹریٹجی اور مارکیٹنگ آفیسر اور فارمنگ ڈیل سٹیٹ کالج کے صدر ڈاکٹر John Nader نے کہا،** "نکولا ٹیسلا کی لیب ایک بہتر دنیا بنانے کے لیے سائنس اور ٹیکنالوجی کی طاقت کا ثبوت ہے۔ ٹیسلا سائنس مرکز انسانیت کی بے پناہ صلاحیت کی علامت ہے، اور LIREDC کو جشن منانے اور مستقبل کے لیے دوبارہ تصور کرنے پر فخر ہے"۔

**ریاستی سینیٹر Anthony Palumbo نے کہا،** "آج کی سنگِ بنیاد رکھنے کی تقریب نکولا ٹیسلا کی لیبارٹری کو ٹیسلا سائنس مرکز کی شکل میں دوبارہ تیار کرنے کا ایک اہم پہلا قدم ہے۔ یہ تبدیلی ایک عالمی تحقیقی ادارہ تشکیل دے گی جو نکولا ٹیسلا کی وراثت اور علمبردار جذبے کو محفوظ رکھتے ہوئے نئی ٹیکنالوجیز کو آگے بڑھانے کے لیے وقف ہے۔ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر Marc Alessi، ٹیسلا کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، یوجین سیان، عطیہ دہندگان اور گورنر Kathy Hochul کا یہاں لانگ آئی لینڈ پر اس اہم منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے انتھک محنت، لگن اور تعاون کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا"۔

**رکنِ اسمبلی Jodi Giglio نے کہا،** "ٹیسلا سائنس مرکز کی نئی سہولت کا سنگ بنیاد نکولا ٹیسلا کے بہت سے سال پہلے شروع کیے گئے سنگِ بنیاد کے کام پر ہے۔ خواہ یہ اختراع کو فروغ دینا ہو یا تعلیم کو، سائنس مرکز کا جاری و ساری مقصد ہمارے مستقبل کے سائنسدانوں کو آگے بڑھنے اور سبقت حاصل کرنے کی ترغیب دے گا۔ میں ان کی مستقبل کی کوششوں میں ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتی ہوں، اور میں ان کے مستقبل کے سامنے آنے کی منتظر ہوں"۔

**سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Steve Bellone نے کہا،** "آج کا دن وارڈنکلیف میں ٹیسلا سائنس مرکز کے لیے ایک ناقابلِ یقین سنگِ میل ہے کیونکہ وہ تاریخ کے سب سے زیادہ بااثر اور اہم موجدوں میں سے ایک کی میراث کو عزت دینے اور اسے سراہنے کا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس ادارے کی کوششوں اور سائنس کی تعلیم میں معاونت کرنے اور دنیا بھر سے آنے والے سیاحوں کو سافک کاؤنٹی کی طرف راغب کرنے کے لیے وہ جو اہم کام کرتے ہیں اس کی حمایت کرتے ہوئے ہمیں بہت خوشی ہوئی ہے۔ کاؤنٹی کے تمام رہائشیوں کی جانب سے، TSCW کو مبارکباد اور ہم آپ کی حیرت انگیز تنظیم کی طرف سے بہت سے شاندار کاموں کے منتظر ہیں"۔

**سافک کاؤنٹی کی قانون ساز Sarah Anker نے کہا،** "ٹیسلا سائنس مرکز کے لیے ایک نئے باب کا آغاز دیکھنا بہت پُرجوش ہے۔ بورڈ، عملے اور رضاکاروں کا شکریہ جو مرکز کو سب کے لیے سیکھنے کی جگہ بنانے کے مشن کو جاری رکھے ہوئے ہیں"۔

**بروک ہیون قصبے کے سپروائزر Ed Romaine نے کہا،** "ٹیسلا سائنس مرکز بروک ہیون قصبے میں سب سے اہم، تاریخی مقامات میں سے ایک ہے اور یہ سنگِ بنیاد اسے ہر کسی کے لیے قابل رسائی بنانے کے اگلے مرحلے کا آغاز ہے۔ مجھے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور عملے کی کوششوں کی حمایت کرنے پر فخر ہے جو ہمیں یہ یاد دلانے کے لیے کئی برسوں سے کام کر رہے ہیں کہ یہاں کیا ہوا اور اس نے سائنسی دنیا کے نقطۂ نظر کو کیسے بدلا"۔

**قصبہ بروک ہیون کی کونسل وومن Jane Bonner نے کہا،** "میں پہلے دن سے وارڈنکلیف میں ٹیسلا سائنس مرکز بنانے کے اس سفر کی حامی ہوں اور میں اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے میں مدد کرنے کے لیے پُرعزم ہوں۔ مرکز کے قیام سے پہلے، زیادہ تر باشندے اس وراثت سے بھی واقف نہیں تھے جو ٹیسلا نے آنے والی نسلوں کو دریافت کرنے کے لیے چھوڑی تھی۔ میں ایک عجائب گھر اور تعلیمی مرکز کے طور پر اس سائٹ کی تیاری کی مکمل حمایت کرتی ہوں اور جب یہ کھلے گی تو میں یہاں آنے کی منتظر ہوں"۔

لانگ آئی لینڈ کی تحقیقی راہداری کے مرکز میں وارڈنکلیف کے اہم مقام پر واقع ٹیسلا سائنس مرکز، بروک ہیون نیشنل لیبارٹری، کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری، اور اسٹونی بروک یونیورسٹی جیسے عالمی شہرت یافتہ سائنسی اداروں کے ساتھ، خطے کی معیشت کے لیے دلچسپ مواقع پیش کرتا ہے۔ یہ مرکز لانگ آئی لینڈ کی سیاحتی صنعت کا ایک اہم حصہ ہے، جو دنیا بھر سے آنے والوں کو ٹیسلا کی زندگی اور کام کے بارے میں جاننے کے لیے راغب کرتا ہے۔ نکولا ٹیسلا کی تاریخی لیب کو عالمی معیار کے عجائب گھر اور سائنس مرکز کی صورت میں بحال کرنے اور دوبارہ تیار کرنے میں ریاست نیو یارک کی سرمایہ کاری نئی ملازمتیں پیدا کرے گی، سیاحت اور تعلیم کے ذریعے آمدنی کے سلسلے پیدا کرے گی، اور جدت اور ترقی کے مرکز کے طور پر لانگ آئی لینڈ کی حیثیت کو تقویت دے گی۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں